© rasailojaraid.com



دعوت اور جہاد کے علاوہ فقہ، قانون، سیاست اور تصوف سے متعلق واقعاتی اسلوب میں دل چسپ معلومات۔ ابواب بندی اور موضوعات کا تعین کیا جاتا تو زیادہ مناسب ہوتا۔]

◉ **عبادات، فضائل و مسائل**، سراج الدین ندوی۔ ناشر: ملت اکیڈمی، دہلی۔ ملنے کا پتا: مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، ڈی-۳۰۷، دعوت نگر ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۶، بھارت۔ صفحات: ۴۲۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے بارے میں اہمیت و فضیلت کے مختصر ذکر کے بعد، ضروری فقہی مسائل کا عام فہم اور جامع بیان۔ حنفی مسلک کے ساتھ دوسرے مسلکوں کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے۔]

◉ **لکھاری کیسے بنتا ہے؟** امجد جاوید۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴- اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۲۳۲۳۳۶۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [ابلاغ، تحریر، فنِ تحریر کے لوازم، طریقے، اصنافِ نظم و نثر اور آخر میں جمیل جالبی، عابد علی عابد اور سید مودودی کے چند نصائح۔ کتاب کے مصنف نے بتانے کی کوشش کی ہے کہ آپ کیسے لکھاری بن سکتے ہیں (ہمارے خیال میں لفظ لکھاری کے بجائے 'اہلِ قلم' یا 'قلم کار' بہتر معلوم ہوتا ہے)۔ سو باتوں کی ایک بات، قلم کار بننے کا سب سے مؤثر، بہتر اور کامیاب طریقہ 'می نویس و می نویس و می نویس' لکھتے رہیے، لکھتے رہیے، قلم گھستے رہیے، ایک سہانی صبح آپ کا شمار اہلِ قلم میں ہوگا۔ صرف اصول اور ضابطے پڑھنے سے لکھاری نہیں بنتا۔ بہر حال لکھاری بننے کے شائقین کے لیے ایک مفید معاون۔]

◉ **کامیاب طالب علم**، روح اللہ نقش بندی۔ ناشر: دارالہدیٰ، دفتر نمبر ۸، پہلی منزل، شاہ زیب ٹیرس نزد زم زم پبلشرز، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۱۹۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایک طالب علم کن صفات کو اپنا کر علم میں پختگی، عمل میں مضبوطی اور اخلاق میں درستی پیدا کرسکتا ہے۔ طالب علم کے لیے ضروری آداب تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں، نیز علم کے متعلق اکابر کے واقعات نے کتاب کو دل چسپ بنا دیا ہے۔]

◉ **رہنماے خوش خطی**، محمد اسلم زاہد۔ ناشر: مکہ کتاب گھر، الکریم مارکیٹ، حق سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۱۲۴۸۸۲۔ صفحات: ۲۴۸۔ قیمت: ۱۴۰ روپے۔ [نسخ اور نستعلیق سیکھنے سکھانے کے لیے ایک عمدہ کتاب۔ خوش خطی کے اصول اور طریقے، مشق کے لیے نمونے کے الفاظ اور تین تین، چار چار خالی سطریں مشق کے لیے۔ مصنف، سید نفیس رقم کے تربیت یافتہ خوش نویس ہیں مگر تعجب ہے کہ انھوں نے اِملا کی صحت کو نظرانداز کیا ہے۔ اُردو میں لفظ 'اِملا' میں ہمزہ (ء) نہیں ہے۔ طلبا کے بجائے 'طلبہ'، لئے اور لیجئے کے بجائے 'لیے' اور 'لیجیے' صحیح ہے۔ 'پڑھیئے' تو قطعی غلط ہے۔]

◉ **تیرتی قبر؟** ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر۔ ناشر: دارالسلام، ۳۶- لوئر مال، سیکرٹریٹ اسٹاپ، لاہور۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: ۶۵ روپے۔ [چار دوستوں کے مچھلی کے شکار سے شروع ہونے والی کہانی در کہانی میں مچھلیوں کے مشہور قصے، سائنسی معلومات اور قرآن میں ذکر، سب دل نشین انداز سے آگیا ہے۔ ۸ تا ۱۲ سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے ہے۔ تیرتی قبر سے مراد حضرت یونس علیہ السلام کا مچھلی کے پیٹ میں ہونا ہے۔]

© rasailojaraid.com